MONTHLY
GHAZALI
NEWS LETTER

GET
GHAZALI EDUCATION TRUST

ماہنامہ
# غزالی نیوز لیٹر

مارچ 2001ء شمارہ 1 قیمت 5 روپے

اللہ کے نام سے جو رحمان اور رحیم ہے ○

**القرآن** تعریف اللہ ہی کے لیے جو تمام کائنات کا رب ہے رحمان اور رحیم ہے۔ جو روزِ جزا کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھا راستہ دکھا۔ ان لوگوں کا راستہ جن پر تو نے انعام فرمایا۔ جو معتوب نہیں ہوئے جو بھٹکے ہوئے نہیں ہیں۔

**الحدیث** رسول اللہ ﷺ نے یہ فرمایا کہ اللہ تمہاری شکل وصورت اور تمہارے مال کو نہ دیکھے گا بلکہ تمہارے دلوں کو اور تمہارے اعمال کو دیکھے گا۔

## حرف آغاز

**الحمد للہ!**

اکیسویں صدی کی قیادت بذریعہ معیاری تعلیم اور اسلامی تربیت کے جس مشن کا آغاز 1996ء میں ہوا۔ اس جدوجہد اور کوشش کا ایک اہم سنگ میل ''غزالی نیوز لیٹر'' آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ تہی دامنی اور بے سروسامانی کے ساتھ جس سفر کا آغاز چند برس پہلے ہوا۔ اللہ تعالیٰ کی تائید و نصرت اور ٹیم کی مخلصانہ کوششوں سے اس کے دائرہ کار اور اثر پذیری میں بے پناہ اضافہ ہوا۔

**''سو دیئے جلا گیا وہ اک دیا جلا ہوا''**

کے مصداق اجالوں کا یہ سفر پیہم جاری ہے۔ غزالیئن (Ghazlaian) کے تعلیم اور تربیت کے مشعل بردار قافلے دیہات در دیہات پھیلتے جا رہے ہیں۔ انشاء اللہ وہ دن دور نہیں جب غزالیئن ہونا ایک اعزاز اور فخر کی بات ہوگی۔ بس ضرورت اس بات کی ہے کہ چراغ سے چراغ جلتے رہیں خوبصورت تجربات کا تبادلہ ہوتا رہے۔ مختلف اطراف میں پھیلی اس عظیم جدوجہد کی دھمک اور ڈھنک کو مربوط کیا جا سکے۔

**اور یہ نیوز لیٹر اسی لئے ہے**

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے چیئرمین کی فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد وطن واپسی

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے چیئرمین حافظ محمد ادریس فریضہ حج کی ادائیگی کے بعد وطن واپس پہنچ چکے ہیں۔ ٹرسٹ کے وائس چیئرمین اشتیاق احمد گوندل' سیکرٹری جنرل سید وقاص انجم جعفری اور دیگر عہدیداران نے انہیں اس سعادت پر مبارکباد دی ہے۔

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی ایگزیکٹو باڈی کا اجلاس گذشتہ روز سینئر وائس چیئرمین میاں مقصود احمد کی صدارت میں ہوا۔ جس میں آئندہ تعلیمی سیشن میں نئے سکولز کے قیام کی حکمت عملی طے کی گئی اور قائم شدہ سکولز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے اجلاس کے شرکاء پر زور دیا کہ معیاری تعلیم کی فراہمی میں کوئی کوتاہی نہ کی جائے' تاکہ دیہی علاقوں کے عوام صحیح معنوں میں تعلیم اور ترقی کے ثمرات سے استفادہ کرسکیں' انہوں نے کہا کہ **غزالی سکول سسٹم** کا نام معیار کی علامت ہونا چاہیئے تاکہ لوگ اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے ہم پر بھرپور اعتماد کرسکیں۔ ☆☆☆

## اسلامک سرکل آف نارتھ امریکہ کے ممتاز رہنما کا GSS لاہور کا دورہ

اسلامک سرکل آف نارتھ امریکہ کے ممتاز رہنما اور ممتاز سرجن جناب ڈاکٹر شجاع الدین سلیم نے غزالی سکول سسٹم ضلع لاہور کے دو سکولز (ہیر اور کرباٹھ) کا دورہ کیا۔ انہوں نے GET کے تحت دیہات میں تعلیم کے فروغ کے سلسلے میں ہونے والی کوششوں کی تعریف کی۔ اس دورہ میں ان کے ساتھ ایگزیکٹو ڈائریکٹر PREP جناب عامر محمود چیمہ اور ممبر بورڈ آف ڈائریکٹر جناب مشتاق مانگٹ تھے۔

## اسلامک سرکل آف جاپان کے ڈائریکٹر کی سیکرٹریٹ آمد

اسلامک سرکل آف جاپان کے ڈائریکٹر محمد عبداللہ نے اپنی نومسلم اہلیہ کے ہمراہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سیکرٹریٹ کا دورہ کیا۔ انہوں نے ٹرسٹ کے مختلف شعبوں کا جائزہ کیا اور ان کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے غلبہ اسلام کے لئے تعلیمی میدان میں مہارت پر زور دیا اور اس سلسلہ میں غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کی خدمات کی تعریف کی۔

## آفاق بورڈ کے چیئرمین کی ہیڈ آفس آمد


آفاق بورڈ کے چیئرمین حسن صہیب مراد نے کہا ہے کہ نسل نو کی اسلامی تعلیم وتربیت سے ہی ہم اسلامی انقلاب کی راہ ہموار کرسکتے ہیں۔ یہ بات انہوں نے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ہیڈ آفس کے دورہ کے موقع پر کہی۔ انہوں نے کہا کہ آفاق بورڈ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گا انہوں نے ٹرسٹ کے مختلف شعبوں کی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اور اس کام کو مشنری جذبے کے تحت جاری رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

## غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وائس چیئرمین کا دورہ مری واسلام آباد

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے وائس چیئرمین پروفیسر اشتیاق احمد گوندل اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبر مشتاق احمد مانگٹ صاحب نے گذشتہ دنوں انٹرنیشنل پبلک سکول مری کا دورہ کیا اور بورڈ آف ڈائریکٹر کے اجلاس میں شرکت کی انہوں نے سکول کے تعلیمی معیار کو سراہا اور پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں اسلامی تعلیم وتربیت کی بڑھتی ہوئی ضرورت پر زور دیا انہوں نے دختران اسلام اکیڈمی مری کا بھی دورہ کیا۔ اور اکیڈمی کے انتظامی امور کا جائزہ لیا بعد ازاں وہ اسلام آباد میں انہوں نے غزالی کالج برائے خواتین بہارہ کہو کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں خواتین کی اسلامی تعلیم وتربیت وقت کی اہم ضرورت ہے جس کو نظر انداز کر کے ہم ترقی نہیں کرسکتے۔ انہوں نے کالج کی نئی بلڈنگ اور تدریسی سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا۔ اسلام آباد سے واپسی پر انہوں نے ضلع گجرات کے 6 سکولوں کا دورہ کیا۔

## "غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں یوم کھیل اور فن فیئر"

غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد میں سالانہ ۲ روزہ یوم کھیل اور فن فیئر مورخہ ۲، ۳، مارچ ۲۰۰۱ء کو منعقد ہوا۔ پروگرام کا افتتاح ڈائریکٹر غزالی کالج حافظ تنویر احمد نے کیا اگرچہ پروگرام



سے قبل کالج میں 2nd ٹرم امتحانات منعقد ہوئے تاہم اس کے باوجود اس پروگرام کی تیاری بھی زور شور سے جاری رہی۔

یوم کھیل کے موقع پر طالبات کے درمیان بیڈ منٹن، ٹیبل ٹینس کے مقابلوں کے علاوہ مختلف اقسام کی Races بھی ہوئیں اس پروگرام کی انچارج میڈم ڈائریکٹر صفیہ سلطانہ تھیں جبکہ ججز کے فرائض میڈم انیلہ شاہین اور میڈم حمیرا جبین نے سرانجام دیے۔ میڈم نزہت رازق اور میڈم رضوانہ نے کمپیئرنگ کی۔

فن فیئر (مینا بازار) کی انچارج پرنسپل میڈم نصرت افضل تھیں۔ اس پروگرام کے دوران مختلف اقسام کے اسٹالز لگائے گئے۔ اس دن طالبات کے علاوہ ان کے والدین (صرف خواتین) نے بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور خوب خریداری کی اس پروگرام کے دوران پورے کالج کو نہایت خوبصورتی کے ساتھ سجایا گیا تھا۔ ڈائریکٹر غزالی کالج نے اس دو روزہ کلچرل پروگرام کے کامیاب انعقاد پر اساتذہ کرام و طالبات کو مبارکباد دی۔ غزالی کالج برائے خواتین اسلام آباد، نوٹس داخلہ برائے نہم کلاس (آرٹس/سائنس) فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ 25 اپریل

**برائے رابطہ**

غزالی کالج برائے خواتین بہارہ کہو اسلام آباد

فون و فیکس: 051-2232085 051-2230092

## بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ممبر جناب عامر محمود چیمہ کے دورہ جات

غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے شعبہ تعمیرات اور حصول اراضی کے انچارج عامر محمود چیمہ نے گذشتہ دنوں مختلف اضلاع کا دورہ کیا اور وہاں جاری تعمیراتی کام اور دیگر امور کا جائزہ لیا۔ فیصل آباد کے دورہ میں انہوں نے اڈہ پل 93 تحصیل جڑانوالہ میں زیر تعمیر گرلز ہائی سکول کے منصوبہ کا خصوصی جائزہ لیا اور تعمیراتی کام کی تعریف کی انہوں نے اس موقع پر اہل علاقہ کے تعاون کا شکریہ ادا کیا اور کام جلد از جلد مکمل کرنے پر زور دیا وہ گجرات جھنگ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ بھی گئے۔ دورہ میں ان کے ہمراہ GET کے ایڈمن آفیسر محمد عارف بھی تھے۔

## غزالی سکول سسٹم 74 گ ب پکیوال ضلع فیصل آباد کی افتتاحی تقریب

غزالی سکول سسٹم 74 گ ب پکیواں ضلع فیصل آباد کی افتتاحی تقریب 21 فروری 2001 کو ہوئی مہمان خصوصی سینئر ڈپٹی ڈائریکٹر PREP محترم افتخار احمد شیخ ایڈووکیٹ تھے پروگرام کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت غزالی سکول سسٹم چک نمبر 30 گ ب کے ہونہار طالب علم محمد عرفان نے حاصل کی۔

اس تقریب میں گاؤں کے لوگوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس موقع پر غزالی سکول سسٹم چک نمبر 30 گ ب اور غزالی سکول سسٹم چک نمبر 31 گ ب کے بچوں نے مختلف نظمیں اور تقریریں پیش کیں جو حاضرین نے بہت پسند کیں تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی افتخار احمد شیخ اور ڈی ایم ایس فیصل آباد جنوبی وارث علی وارث نے لوگوں سے اپنے خطابات میں اپیل کی کہ اپنے بچوں کو اچھی تربیت اور بہترین تعلیم کیلئے اس سکول میں داخلہ دلوائیں اس تقریب کے آخر میں گاؤں کی معزز شخصیت محترم عبدالرحمٰن نے دعا کروائی تقریب کی نقابت محمد شبیر پرنسپل غزالی سکول سسٹم 30 گ ب اور محبوب سرور پرنسپل غزالی سکول سسٹم 31 گ ب نے کی۔

## PREP کے سینئر ڈپٹی ڈائریکٹر کا دورہ رحیم یار خان

پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام کے سینئر ڈپٹی ڈائریکٹر افتخار احمد شیخ اور ڈسٹرکٹ منیجر شبیر احمد مجاہد نے گذشتہ روز غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ ضلع رحیم یار خان کا دورہ کیا اور انتظامی و تدریسی امور کا جائزہ لیا۔ دورہ کے دوران بستی ترنڈہ مولویاں کے ایک زمیندار اور بستی چوہدری عید محمد کے چوہدری ثناء اللہ نے ایک ایک کنال اراضی بطور عطیہ ٹرسٹ کو دی۔ چوہدری ثناء اللہ نے پہلے ہی غزالی سکول سسٹم کے لئے اپنا 6 کمروں پہ مشتمل گھر دیا ہوا ہے ڈائریکٹر نے دونوں حضرات کی اس مدد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ بعد ازاں انہوں نے تحصیل خانپور کی بستی ترک تحصیل لیاقت پور کے قصبات جن پور اور ٹھل حمزہ کا بھی دورہ کیا اور پرنسپل حضرات خصوصاً محمد افضل اور دیگر سٹاف ممبران کی ادارے کے لئے انتھک محنت پر ان کی تعریف کی اور بچوں کی تعلیمی قابلیت کو سراہتے ہوئے انہیں نقد انعامات دیئے۔ علاوہ ازیں تحصیل خانپور کے علاقہ ہیڈ لنجی دار کے زمیندار صدیقی صاحب نے بھی سکول کی عمارت کے لئے 3 کنال اراضی عطیہ دی۔

## ضلع ڈیرہ غازی خان کے DMS کی ایجوکیشن آفیسرز سے ملاقاتیں

غزالی سکول سسٹم ضلع ڈیرہ غازی خان اور ضلع مظفر گڑھ کے ڈسٹرکٹ منیجر غنا محمد گجر نے اپنے دوروں کے دوران ضلع مظفر گڑھ کے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جناب منیر احمد بزدار تحصیل کوٹ ادو کے ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر ملک سعید کوثر تحصیل تونسہ شریف کے ڈپٹی ایجوکیشن آفیسر ملک مسعود احمد ندیم سے ان کے دفاتر میں جا کر ملاقاتیں کیں۔ ان کو پاکستان رورل ایجوکیشن پروگرام اور غزالی سکول سسٹم کا تفصیلی تعارف کرایا اور مارچ میں منعقدہ سالانہ امتحانات کے بارے میں مکمل سسٹم سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ان تمام افسران بالا نے اس منظم تعلیمی پراجیکٹ کی کارکردگی کو سراہا اور اپنے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

## ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کا قیام

اپریل میں آفاق ٹیچرز ٹریننگ اکیڈمی کا قیام عمل میں لایا جائیگا۔ یہ بات HRD کے ڈپٹی ڈائریکٹر شفیق احمد نے ایک ملاقات میں بتائی۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایک رہائشی ادارہ ہوگا جس کے تمام انتظامات غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کا شعبہ HRD برداشت کرے گا انہوں نے کہا کہ اس سے قبل ٹرسٹ کو ٹیچرز کی ٹریننگ کے لئے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا تھا جواب حل ہو جائیگا۔ انہوں نے کہا کہ اکیڈمی میں دوسرے پرائیویٹ اور سرکاری اداروں کے اساتذہ کی تربیت کے لئے ورکشاپس بھی منعقد کی جائیں گی تاکہ تعلیمی میدان میں انقلاب کی کوششیں تیز ہو سکیں۔

## غزالی گرلز ہائی سکول اڈہ پل 93 کا تعمیراتی کام مارچ تک مکمل ہو جائے گا۔ علی احمد گورایہ

غزالی گرلز ہائی سکول اڈہ پل93 علاقے میں علم کے فروغ کے لئے سنگ میل ثابت ہوگا۔ دیہی علاقوں میں ایسے اداروں کا قیام ملت اسلامیہ کی نشاۃ ثانیہ کا باعث ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار سکول کے پراجیکٹ مینجر علی احمد گورایہ نے کیا انہوں نے علاقہ کے غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ درد دل رکھنے والے افراد کی کوششوں کا ثمر ہے۔ جو نسل نو کی اسلامی نہج پر تربیت کے خواہش مند ہیں۔ تاکہ اکیسویں صدی میں ملت اسلامی باوقار قوم کی حیثیت سے اقوام عالم میں سربلند ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے زیرانتظام پنجاب بھر کے دیہی علاقوں میں180 پرائمری سکول فروغ تعلیم کے لئے کوشاں ہیں اور اس سلسلے کی ایک اہم کڑی جڑانوالہ کے ایک پسماندہ علاقہ اڈہ پل93 میں گرلز ہائی سکول کا قیام ہے جس کے لئے تعمیراتی کام مارچ کے آخر تک مکمل ہو جائے گا۔ پہلے مرحلے پر گرلز ہائی سکول کا آغاز کیا جا رہا ہے اس سلسلے میں داخلہ مہم 15 مارچ سے شروع ہو چکی ہے انہوں نے اہل علاقہ سے اپیل کی کہ وہ ادارے کی کامیابی کے لئے ہماری کوششوں میں شامل ہوں۔ تاکہ ان کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے قائم ادارے بہتر خدمت سرانجام دے سکیں۔




اسلامک کلچرل سنٹر ناروے کے صدر محمد اظہر علی اور غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ کے سیکرٹری جنرل وقاص انجم جعفری کا معززین علاقہ کے ساتھ گروپ فوٹو

## وائس چیئرمین GET کا دورہ گجرات

پروفیسر اشتیاق احمد گوندل وائس چیئرمین غزالی ایجوکیشن ٹرسٹ عامر محمود چیمہ ایگزیکٹو پریپ اور سید عامر علی کاظمی نے گجرات کا وزٹ کیا۔ اس دورہ میں محمد عارف بھی ہمراہ تھے۔ اس دورہ میں گجرات کے پانچ سکولز کے تفصیلی دورہ کے علاوہ مختلف سماجی کارکنان سے بھی ملاقات کی گئی۔ غزالی سکول سسٹم مکیانہ کے لئے خریدی گئی جگہ کا وزٹ کرتے ہوئے پروفیسر اشتاق احمد گوندل نے اس بات پر زور دیا کہ سکول عمارت کی تعمیر جلد از جلد شروع کی جائے۔ مختلف سکولز کے اساتذہ سے ملاقات میں عامر محمود چیمہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پریپ نے انکی کارکردگی کو سراہا اور اس امر کی طرف دلائی کہ ہمارا اصل ہدف بہترین سیرت و کردار کی حامل نئی نسل کی تیاری ہے۔ اس موقع پر مختلف سکولز میں منتھ آف بیوٹی(Month of Beauty) کے حوالے سے کی گئی کوششوں کو بھی سراہا گیا۔

## ایگزیکٹو ڈائریکٹر PREP کا دورہ جھنگ

ایگزیکٹو ڈائریکٹر PREP عامر محمود چیمہ ایڈمن آفیسر محمد عارف نے DMS جھنگ جناب افتخار احمد شیخ کے ہمراہ GSS کے سکولز گوجرہ موڑ، چیلہ، رجھانہ، چنڈ بھروانہ، پیرکوٹ اور لدھانہ کا دورہ کیا۔ بچوں کی تعلیمی حالت اور ریکارڈ کا جائزہ لیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے سکولز کی بہتر کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ بعد ازاں چک نمبر268 ج۔ب اور460 ج۔ب کشمیر کالونی کے سکولوں کے امتحانات کا جائزہ لیا۔ بچوں کے پیپر چیک کئے۔ امتحانی نظام کا بھی جائزہ لیا اور اساتذہ کرام کو تسلی بخش کارکردگی پر سراہا اور اس سسٹم کو مزید بہتر بنانے کے لئے ہدایات دیں۔

# Report Pre Posting Workshop

## Session 2001-2002 *Held at Lahore* On 24-25 February

It has been a routine of Ghazali Education Trust (GET) to train newly selected teachers before appointing them in schools. This year Human Resource Department (HRD) of GET arranged a two days Pre-Posting Workshop for newly selected teacher at Lahore on 24-25 February. About 179 teachers from different districts participated on the workshop.

| Topics | Resource Persons | |
|---|---|---|
| Essential of students school | Prof. Ishtiaq Ahmad Gondal | (Vice Chairman GET) |
| Class room Management | Dr. Farooq Kunwar | (ILM) |
| Child Psychology | Prof. Tariq Chaudhary | (IER) |
| Child Development | Prof. Rao Jalil Ahmad | (DSD) |
| Effective Teaching | Prof. Ahmad Sher Awan | (IER) |
| Enpections from GSS | Syed Waqat Jafri (Secretary) | General (GET) |
| Role of attitudes on learning | Mr. Musthaq Ahmad Mangat | (Director GES) |